## عوام پرامن رہ کر شہر کا امن تباہ کرنے کی سازش کو ناکام بنادیں، الطاف حسین

لندن۔۔۔9، اپریل 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ پرامن رہ کر کراچی کا امن تباہ کرنے کی گھناؤنی سازشوں کو ناکام بنادیں۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ بعض شرپسند وکلاء کی جانب سے ایم کیوایم کی لیگل ایڈ کمیٹی کے ارکان کو تشدد کا نشانہ بنانے کے افسوسناک واقعات پر احتجاج کی آڑ میں کراچی دشمن عناصر پرتشدد کارروائیاں کرکے شہر کا امن وسکون غارت کرنے کی سازش کررہے ہیں جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ جناب الطاف حسین نے عوام سے کہا کہ وہ 12 مئی اور ایم کیوایم کے وکلاء کو تشدد کا نشانہ بنانے والے شرپسند وکلاء کے خلاف پرامن احتجاج ضرور کریں اور ہرممکن کوشش کریں کہ شہر میں امن وامان کی صورتحال برقرار رہے اور کسی بھی شہری کی املاک کو نقصان نہ پہنچے۔ جناب الطاف حسین نے عوام سے اپیل کی کہ وہ شہریوں کی املاک کو نقصان پہنچانے والے عناصر پر کڑی نظر رکھیں اور پرامن رہ کر کراچی کا امن تباہ کرنے کی گھناؤنی سازشوں کو ناکام بنادیں۔

## رینجرز عوام پر گولیاں نہ چلائیں ورنہ میں عوام سے کسی بھی قسم کی اپیل کرنے سے قاصر رہوں گا۔ الطاف حسین

## سٹی کورٹ کے باہر پرامن احتجاج کرنے والے پرامن وکلاء اور پرامن شہریوں پر پولیس ورینجرز کی فائرنگ قابل مذمت ہے

لندن۔۔۔ 9 اپریل 2008ء

ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے کراچی میں سٹی کورٹ کے باہر پرامن احتجاج کرنے والے پرامن وکلاء اور پرامن شہریوں پر پولیس ورینجرز کی فائرنگ کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ رینجرز عوام پر گولیاں نہ چلائیں ورنہ میں عوام سے کسی بھی قسم کی اپیل کرنے سے قاصر رہوں گا۔ اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ماضی میں 12 مئی کو کراچی میں خون کی ہولی کھیلی گئی مگر رینجرز خاموش تماشائی بنی رہی اور آج جب کراچی میں حق پرست وکلاء نے ڈاکٹر شیر افگن نیازی پر ہونے والے وکلاء کے تشدد کے خلاف پرامن احتجاج کیا تو رینجرز کے اہلکار پرامن مظاہرین پر فائرنگ کررہے ہیں جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ پرامن مظاہرین پر فائرنگ بند کی جائے اور پرامن مظاہرین پر گولیاں چلانے سے گریز کیا جائے ورنہ عوام اپنے جذبات قابو میں نہیں رکھ سکیں گے اور میں ان سے کسی بھی قسم کی اپیل کرنے سے قاصر رہوں گا۔

## بزرگ رہنما ڈاکٹر شیر افگن نیازی پر لاہور میں وکلاء کے بہیمانہ تشدد پر میانوالی کے عوام سے الطاف حسین کا اظہار یکجہتی

## شیر افگن نیازی کو مسلم لیگ ن کے رہنماؤں کے اشارے پر تشدد کا نشانہ بنایا گیا۔ الطاف حسین

## اہلیانِ میانوالی اور ڈاکٹر شیر افگن نیازی کے اہل خانہ سے اظہار ہمدردی

لندن۔۔۔9 اپریل 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے میانوالی کے عوام کو مخاطب کرتے ہوئے کہا ہے کہ میں بزرگ رہنما اور ملک کے سینئر پارلیمینٹرین ڈاکٹر شیر افگن نیازی پر لاہور میں وکلاء کی جانب سے کئے جانے والے بہیمانہ تشدد کی شدید مذمت کرتا ہوں اور میانوالی کے عوام کو یقین دلاتا ہوں کہ میں آپ کے غم اور دکھ درد میں برابر کا شریک ہوں اور میانوالی کے عوام سے مکمل یکجہتی کا اظہار کرتا ہوں۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے میانوالی کے عوام سے کہا کہ جن وکلاء نے ایک بزرگ قومی رہنما ڈاکٹر شیر افگن نیازی کو بہیمانہ تشدد کا نشانہ بنایا وہ وکلاء نہیں بلکہ لچے لفنگے اور غنڈے ہیں اور ہمیں اطلاع ملی ہے کہ شیر افگن نیازی کو مسلم لیگ ن کے رہنماؤں کے اشارے پر تشدد کا نشانہ بنایا گیا لہٰذا میں وزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کرتا ہوں کہ بزرگ رہنما اور ملک کے سینئر پارلیمینٹرین ڈاکٹر شیر افگن نیازی پر تشدد کرنے والے وکلاء اور ان سے تشدد کروانے والے مسلم لیگ ن کے رہنماؤں کو گرفتار کرکے قرار واقعی سزا دی جائے۔ آخر میں انہوں نے اہلیانِ میانوالی اور ڈاکٹر شیر افگن نیازی کے اہل خانہ سے بھی اظہار ہمدردی کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم کے تمام رہنماء، کارکنان و ہمدرد عوام آپ کے دکھ درد اور غم میں برابر کے شریک ہیں اور اللہ تعالیٰ کے حضورؐ دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ ڈاکٹر شیر افگن کو جلد از جلد صحت کاملہ عطا فرمائے۔

## اٹارنی جنرل جسٹس ریٹائرڈ ملک قیوم کی ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین سے انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں ملاقات
## عام انتخابات، ملک میں شروع ہونیوالے نئے جمہوری دور اور پاکستان کی مجموعی سیاسی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال
## ڈاکٹر شیر افگن نیازی پر وکلاء کا بہیمانہ تشدد ملک کی سیاسی تاریخ کا ایک سیاہ باب ہے۔الطاف حسین

لندن۔۔۔ 9 اپریل 2008ء

اٹارنی جنرل آف پاکستان جسٹس ریٹائرڈ ملک قیوم نے گزشتہ روز ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین سے انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں ملاقات کی۔ملاقات میں عام انتخابات، ملک میں شروع ہونیوالے نئے جمہوری دور اور پاکستان کی مجموعی سیاسی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔بات چیت میں بین الاقوامی صورتحال کی روشنی میں تیزی سے بدلتے ہوئے جغرافیائی سیاسی حالات اور ملک کو درپیش خطرات کے بارے میں بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ملاقات میں جناب الطاف حسین اور جسٹس ریٹائرڈ ملک قیوم نے لاہور میں سابق وفاقی وزیر پارلیمانی امور اور سینئر پارلیمینٹیرین ڈاکٹر شیر افگن نیازی پر وکلاء کے بہیمانہ تشدد اور سندھ اسمبلی میں سابق وزیراعلیٰ سندھ ارباب رحیم پر ہونے والے تشدد اور ایم کیوایم کی خواتین ارکان اسمبلی کے ساتھ پیپلز پارٹی کے جیالوں کی بدتمیزی کے واقعہ کی بھی شدید الفاظ میں مذمت کی اور اس واقعہ کو ملک کی سیاسی تاریخ کا ایک سیاہ باب قرار دیا۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ ڈاکٹر شیر افگن کو تشدد کا نشانہ بنانے والے وکلاء اور دیگر افراد کو گرفتار کیا جائے۔جسٹس ملک قیوم نے کہا کہ ہر جمہوریت پسند شخص کو ڈاکٹر شیر افگن نیازی پر ہونے والے تشدد سے دلی افسوس ہوا ہے۔جناب الطاف حسین نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان جن خطرات میں گھرا ہوا ہے اس کے پیش نظر آج ملک کو سب سے زیادہ اتحاد اور یکجہتی کی ضرورت ہے اور متحدہ قومی موومنٹ نے ملک اور جمہوریت کے عظیم تر مفاد میں ہی ہم نے تمام سیاسی جماعتوں کیلئے مثبت طرز عمل اختیار کیا لیکن بدقسمتی سے مسلم لیگ ن اور بعض دیگر سیاسی جماعتیں ملک میں انتشار پھیلانے کی کوشش کررہی ہیں۔اٹارنی جنرل جسٹس ریٹائرڈ ملک قیوم نے ملک میں جمہوریت کے استحکام اور ملک کے مفاد میں ایم کیوایم کی جانب سے کئے جانے والے اقدامات اور طرز عمل کی تعریف کی۔

## ڈاکٹر شیر افگن پر قاتلانہ حملے اور وحشیانہ تشدد کا واقعہ میاں نواز شریف، میاں شہباز شریف اور چوہدری اعتزاز احسن کی مشترکہ سازش تھی۔اراکین رابطہ کمیٹی ایم کیوایم محمد اشفاق، جاوید کاظمی اور آصف صدیقی
## ڈاکٹر شیر افگن پر وکلاء کی جانب سے تشدد اور تمام تر بہیمانہ سلوک چوہدری اعتزاز احسن کی موجودگی بلکہ نگرانی میں انجام دیا گیا

لندن۔۔۔ 9 اپریل 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان محمد اشفاق، جاوید کاظمی اور آصف صدیقی نے لاہور میں بزرگ رہنما اور سینئر پارلیمینٹرین ڈاکٹر شیر افگن پر وکلاء کے قاتلانہ حملے اور انسانیت سوز تشدد کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ڈاکٹر شیر افگن پر قاتلانہ حملے اور وحشیانہ تشدد کا واقعہ مسلم لیگ ن کے رہنماؤں میاں نواز شریف، میاں شہباز شریف اور چوہدری اعتزاز احسن کی مشترکہ سازش تھی۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ دنیا بھر میں ٹی وی چینلز پر عوام نے خود دیکھا کہ لفنگے وکلاء نے کئی گھنٹوں تک ڈاکٹر شیر افگن کو کس طرح اپنی وحشت و بربریت کا نشانہ بنایا، انہیں غنڈہ گردی کے ذریعے یرغمال بنایا اور انہیں جس بری طرح تشدد کا نشانہ بنایا گیا اور انکے ساتھ جو بہیمانہ سلوک کیا گیا اس کی مذمت کرنے کیلئے ہمارے پاس لفظ نہیں ہیں۔انہوں نے کہا کہ چوہدری اعتزاز احسن منت سماجت اور ہاتھ جوڑنے کے ڈرامے رچا کر اپنے آپ کو ڈاکٹر شیر افگن کے ساتھ ہونے والی وحشت و بربریت کے اس مذموم واقعہ سے نہیں بچا سکتے اسلئے کہ ڈاکٹر شیر افگن پر حملے کی ساری منصوبہ بندی خود چوہدری اعتزاز احسن نے میاں نواز شریف، میاں شہباز شریف اور مسلم لیگ ن کے دیگر رہنماؤں کے ساتھ ملکر کی جس کا ثبوت یہ ہے کہ ڈاکٹر شیر افگن پر وکلاء کی جانب سے تشدد اور تمام تر بہیمانہ سلوک چوہدری اعتزاز احسن کی موجودگی بلکہ نگرانی میں انجام دیا گیا۔محمد اشفاق، جاوید کاظمی اور آصف صدیقی نے کہا کہ ڈاکٹر شیر افگن پر حملہ اور تشدد اسلئے کیا گیا کیونکہ ڈاکٹر شیر افگن آئین و قانون کی زبان میں بات کرتے ہیں جو لچے لفنگوں کو پسند نہیں ہے۔انہوں نے مسلم لیگ ن کے خواجہ آصف اور پیپلز پارٹی کے رہنما خورشید شاہ کی جانب سے ایم کیوایم پر لگائے گئے شرمناک الزامات کی بھی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ خواجہ آصف اور خورشید شاہ سرکاری ایجنسیوں کے پے رول پر ہیں، یہ چاہتے ہیں کہ پیپلز پارٹی تباہ و برباد ہوجائے، ملک میں انتشار اور انارکی پھیلے تاکہ مسلم لیگ ن کے رہنماؤں کا ملک دشمن اور جمہوریت دشمن منصوبہ کامیاب ہوجائے۔انہوں نے کہا کہ ملک میں انارکی پھیلانے کی اس سازش میں خواجہ آصف کے ساتھ مسلم لیگ ن کے کئی دیگر لوگ بھی ملوث ہیں جن کے ناموں سے قوم کو جلد آگاہ کردیا جائے۔

## سٹی کورٹ کراچی میں ڈاکٹر شیر افگن کی حمایت میں مظاہرہ کرنے والے حق پرست وکلاء پر کراچی بار کے غنڈوں کا حملہ اور تشدد کھلی دہشت گردی اور غنڈہ گردی ہے۔رابطہ کمیٹی متحدہ قومی موومنٹ

## ملک میں غنڈہ گردی کا راج قائم کرنے کی کوشش کیجارہی ہے جس کو کوئی بھی درست اور جائز قرار نہیں دے سکتا

کراچی۔۔۔9 اپریل2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے سٹی کورٹ کراچی میں سابق وفاقی وزیر اور سینئر پارلیمینٹرین ڈاکٹر شیر افگن کی حمایت میں مظاہرہ کرنے والے حق پرست وکلاء پر کراچی بار کے وکلاء کے حملے اور تشدد کی شدید مذمت کی ہے اور اس عمل کو کھلی دہشت گردی اور غنڈہ گردی قرار دیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ بزرگ رہنما اور سینئر پارلیمینٹرین ڈاکٹر شیر افگن پر گزشتہ روز لاہور میں وکلاء کے بہیمانہ تشدد کے واقعہ کی مذمت کے طور پر آج سٹی کورٹ کراچی میں کچھ حق پرست وکلاء نے اپنے ضمیر کے مطابق پرامن احتجاج کیا، احتجاج ختم ہو جانے کے بعد جب وکلاء اپنی پیشہ وارانہ سرگرمیوں کو انجام دینے کیلئے کراچی بار پہنچے تو وہاں کراچی بار اور سندھ بار سے تعلق رکھنے والے غنڈوں نے حق پرست وکلاء پر حملہ کر کے ان پر بہیمانہ تشدد کیا جسکے نتیجے میں کئی حق پرست وکلاء شدید زخمی ہو گئے۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ اپنے اصولی مؤقف کی حمایت میں احتجاج کرنا ایک جمہوری حق ہے، ڈاکٹر شیر افگن پر تشدد کے خلاف آج سٹی کورٹ میں ہونے والا احتجاج پرامن تھا جسکے دوران کسی کو کوئی گزند نہیں پہنچی اور یہ احتجاج پرامن طور پر ختم ہو گیا تھا لیکن اس کے بعد احتجاج کرنے کی پاداش میں وکلاء کو بلا جواز تشدد کا نشانہ بنایا گیا جو سراسر کھلی غنڈہ گردی اور دہشت گردی ہے جسکی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ملک میں غنڈہ گردی کا راج قائم کرنے کی کوشش کی جارہی ہے جس کو کوئی بھی محبِّ وطن شہری درست اور جائز قرار نہیں دے جاسکتا۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ نام نہاد وکلاء کا حق پرست وکلاء پر حملہ کراچی کا امن تباہ کرنے کی سازش کا حصہ ہے۔ رابطہ کمیٹی نے وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، وزیراعلیٰ سندھ قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ سٹی کورٹ میں وکلاء پر تشدد کرنے والے کراچی بار اور سندھ بار کے ارکان کو گرفتار کیا جائے۔

## ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین نے کراچی بار کے وکلاء کے بہیمانہ تشدد سے زخمی ہونے ولے حق پرست وکلاء کی اسپتال جا کر عیادت کی

## حق پرست وکلاء پر تشدد میں ملوث کراچی بار کے وکلاء اپنے آپ کو آئین وقانون کی گرفت سے محفوظ تصور کررہے ہیں، شعیب بخاری، اشفاق منگی

کراچی۔۔۔9، اپریل2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکین شعیب بخاری اور اشفاق منگی نے سول اسپتال جا کر کراچی بار کے لچے لفنگے وکلاء کے بہیمانہ تشدد سے زخمی ہونے والے ایم کیو ایم لیگل ایڈ کمیٹی کے حق پرست وکلاء کی سول اسپتال جا کر عیادت کی اور ان کی خیریت دریافت کی۔ اس موقع پر حق پرست رکن سندھ اسمبلی نثار پہنور بھی موجود تھے۔ رابطہ کمیٹی کے اراکین نے حق پرست وکلاء سے واقعہ کی تفصیلات معلوم کیں اور عدلیہ کی آزادی کے علمبردار نام نہاد وکلاء کے اس بہیمانہ طرزِ عمل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی۔ انہوں نے کہا کہ جو نام نہاد وکلاء عدلیہ کے معاملات کو سڑکوں کو گھیسٹ رہے ہیں اور کھلی غنڈہ گردی اور پرتشدد کارروائیاں کررہے ہیں وہ اپنے آپ کو آئین وقانون کی گرفت سے محفوظ تصور کررہے ہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ حق پرست وکلاء پر تشدد میں ملوث کراچی کے بار لچے لفنگے وکلاء کے خلاف سخت ترین کارروائی عمل میں لائی جائے اور انہیں لگام دی جائے۔ رابطہ کمیٹی کے اراکین نے اسپتال کے عملے کو ہدایت کی کہ وہ زخمی وکلاء کے علاج ومعالجہ میں کوئی کسر باقی نہ چھوڑیں وہ کچھ دیر زخمیوں کے ہمراہ رہے اس موقع پر انہوں نے زخمی وکلاء کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

## شیر افگن نیازی پر تشدد کے خلاف متحدہ قومی موومنٹ لیگل ایڈ کمیٹی کے تحت سٹی کورٹ کراچی میں پر امن احتجاجی مظاہرہ
## مظاہرے میں مرد وخواتین وکلاء سمیت متحدہ ویلفیئر لائرز فورم کے وکلاء بھی بڑی تعداد میں شریک ہوئے

کراچی۔۔۔9، اپریل 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ لیگل ایڈ کمیٹی کے تحت بدھ کے روز سٹی کورٹ کراچی پر سابق وفاقی وزیر اور بزرگ سیاستداں ڈاکٹر شیر افگن نیازی پر عدلیہ کی آزادی کے نام نہاد وکلاء کے بہیمانہ تشدد کے خلاف پر امن احتجاجی مظاہرے کا انعقاد کیا گیا۔ احتجاجی مظاہرے میں مرد وخواتین وکلاء نے بڑی تعداد میں شرکت کی جنہوں نے اپنے ہاتھوں میں پلے کارڈ اٹھا رکھے تھے اور وہ ڈاکٹر شیر افگن پر نام نہاد وکلاء کے بہیمانہ تشدد کے خلاف زبردست نعرے بازی کر رہے تھے۔ پلے کارڈ پر ''ڈاکٹر شیر افگن پر تشدد ننگی جارحیت ہے'' ''ظالموں جواب دو ظلم کا حساب دو'' اور دیگر نعرے جلی حروف میں تحریر تھے۔ احتجاجی مظاہرے میں متحدہ ویلفیئر لائرز فورم کے وکلاء بھی بڑی تعداد میں شریک ہوئے۔ احتجاجی مظاہرین سے خطاب کرتے ہوئے متحدہ ویلفیئر لائرز فورم کے جوائنٹ انچارج احمد ضمیر ایڈووکیٹ نے کہا کہ عدلیہ کی آزادی کے نام نہاد علمبردار آج کھلی جارحیت اور غنڈہ گردی کا مظاہرہ کر رہے ہیں اور آئین وقانون کے تمام اصولوں کو پیروں تلے روندر ہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نام نہاد وکلاء کی ملک بھر میں دہشت گردی اور غنڈہ گردی اس کے مذموم عزائم کو ظاہر کر رہی ہے، ان کی نام نہاد تحریک سے ملک میں عدم استحکام کی جانب جارہا ہے اور محاذ آرائی کی صورتحال پیدا ہوگئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جن وکلاء میں ذرا برابر بھی آئین وقانون کا احترام موجود ہے وہ اس ظلم اور بربریت کے خلاف اپنا پر امن احتجاج ریکارڈ کرائیں اور عدل وانصاف کی سربلندی کیلئے اپنا ہر ممکن کردار ادا کریں۔

## ویڈیو سیکشن کے رکن عبدالماجد کی زوجہ نسیم زہرہ کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔9، اپریل 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم شعبہ اطلاعات ویڈیو سیکشن کے رکن عبدالماجد کی زوجہ محترمہ نسیم زہرہ کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے عبدالماجد سمیت مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں اور دکھ کی گھڑی میں آپ کے ساتھ ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ نسیم زہرہ مرحومہ کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل دے۔ (آمین)

## ایم کیوایم شعبہ اطلاعات ویڈیو سیکشن کے رکن عبدالماجد کی زوجہ نسیم زہرہ انتقال کر گئی، سوئم بعد نماز جمعہ ہوگا

کراچی۔۔۔9، اپریل 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ شعبہ اطلاعات ویڈیو سیکشن کے رکن عبدالماجد کی زوجہ محترمہ نسیم زہرہ طویل علالت کے باعث منگل اور بدھ کی درمیانی شب انتقال کر گئیں۔ (انا اللہ وانا الیہ راجعون) مرحومہ کی عمر 52 سال تھی انہوں نے سوگواران میں شوہر سمیت دو بیٹے اور تین بیٹیاں چھوڑی ہیں۔ مرحومہ نسیم زہرہ گزشتہ کئی روز سے چیسٹ انفیکشن میں مبتلا تھیں اور عباسی شہید اسپتال میں زیر علاج تھیں کہ منگل اور بدھ کی درمیانی شب ان کی حالت اچانک خراب ہوگئی جہاں ڈاکٹروں کی تمام کوششوں کے باوجود وہ جانبر نہ ہوسکیں اور خالق حقیقی سے جا ملیں۔ دریں اثناء نسیم زہرہ مرحومہ کو بعد نماز ظہر قصبہ کالونی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا، مرحومہ کی نماز جنازہ مدینہ مسجد قصبہ کالونی میں ادا کی گئی نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن ڈاکٹر نصرت، حق پرست رکن قومی اسمبلی عبدالقادر خانزدہ، ارکان سندھ اسمبلی رضا حیدر، مظاہر امیر، منظر امام، اورنگی ٹاؤن کے ناظم عبدالحق، نائب ناظم شاہد بشیر، بادشاہ خان، کراچی تنظیمی کمیٹی کے ارکان، میڈیا کمیٹی، شعبہ اطلاعات نیوز، ویڈیو، فوٹو سیکشن کے ارکان، نائن زیرو پر کام کرنے والے مختلف شعبہ جات کے ارکان، قصبہ کالونی سیکٹر، اورنگی ٹاؤن سیکٹر کمیٹی کے ارکان، مقامی کے ذمہ داران، کارکنان ہمدردوں اور مرحومہ کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ علاوہ ازیں مرحومہ کا سوئم بعد نماز جمعہ قصبہ کالونی میں واقع مدینہ مسجد میں ہوگا جبکہ خواتین کیلئے مرحومہ کی رہائشگاہ پر قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کا اہتمام کیا جائے گا۔

## نسیم زہرہ کے انتقال پر عبدالماجد سے رابطہ کمیٹی، شعبہ اطلاعات کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔9، اپریل 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم شعبہ اطلاعات ویڈیو سیکشن کے رکن عبدالماجد کی زوجہ محترمہ نسیم زہرہ کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور سوگوار یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔ (آمین) دریں اثناء ایم کیو ایم میڈیا کمیٹی اور شعبہ اطلاعات نیوز، ویڈیو اور فوٹو سیکشن کے ارکان نے بھی عبدالماجد سے ان کی زوجہ نسیم زہرہ بیگم کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے مرحومہ کی مغفرت کیلئے دعا کی۔

☆☆☆☆☆